سوال

حمام میں وضوء کی صورت میں دل میں تسمیہ پڑھے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں جب وضوء کا ارادہ کرتا ہوں تو نیت یہ ہوتی ہے کہ نماز کے لئے وضوء کر رہا ہوں لیکن حمام میں ہونے کی صورت میں اللہ کا نام نہیں لیتا حالانکہ مجھے اس حدیث کا علم ہے کہ جو شخص اللہ کا نام نہ لے اس کا وضوء نہیں ہوتا تو اس کے لئے کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

انسان جب حمام میں ہو تو وہ زبان سے تسمیہ نہ پڑھے بلکہ دل میں پڑھ لے اور پھر راجح قول یہ ہے کہ تسمیہ واجب نہیں بلکہ مستحب ہے لہذا وسوسوں اور غفلت کو خیر باد کہہ دو۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص295

محدث فتویٰ